1-Feb-11

پریس ریلیز

عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کے چیئر مین نثار احمد چودھری کی والدہ کا انتقال ہوگیا۔

کراچی۔(پ۔ر) عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کے چیئر مین نثار احمد چودھری کی والدہ سردار بیگم کا طویل علالت کے باعث گزشتہ روز انتقال ہوگیا۔نماز جنازہ عالمگیر مسجد میں ادا کی گئی جبکہ تدفین باغ نواب دین حب ریور روڈ میں کی گئی۔اُن کے جنازے میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد، صنعتکار، تاجر، معروف سماجی شخصیات اور دیگر نے شرکت کی۔

دریں اثناء ایوان صنعت وتجارت کراچی کے صدر محمد سعید شفیق نے نثار احمد چودھری کی والدہ کے انتقال پر اُن سے دِلی تعزیت کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے۔

#